والدین/سرپرست اور اسکولز – ایک شراکت داری

تعارف

Sigtuna kommun مونسپلٹی کے اندر ہر بچے کو اسکول جانے اور اپنے حالات اور صلاحیتوں کے مطابق بڑھوتری کا بہترین موقع ملنے کا حق حاصل ہونا چاہیے۔ مقامی اسکولز اور والدین/سرپرستوں، دونوں ایک ایسا ماحول قائم کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں، جو طالبعلم کی بڑھوتری اور تعلیم میں معاونت کرتا ہو۔ اسکول میں آپ کا بچہ علم حاصل کرے گا، مسائل کو حل کرنا اور تنازعات سے نمٹنا سیکھے گا اور اپنی صلاحیتوں اور تعاون کی مہارتوں کو بڑھائے گا۔ بچوں کو کامیابی سے ایسا کرنے کے لیے بڑوں کی بارضامندی مدد اور معاونت کی ضرورت ہوتی ہے۔

Sigtuna kommun میونسپلٹی کے اسکول ہر بچے کے والدین/سرپرستوں کے ساتھ ایک بااعتماد، متعاون تعلق پیدا کرنا چاہتے ہیں، جس میں ہم ایک دوسرے کو بچے کے بہترین مفادات کو فروغ دینے کے لیے کام کرنے والے شراکت دار سمجھیں۔ اس شراکت داری کی کامیابی کے لیے اسکول اور والدین/سرپرستوں، دونوں کو واضح طور پر اپنی ذمہ داریاں اور ساتھ ہی ساتھ آغاز سے ہی اپنے تعاون کے طریقے اور نوعیت کو واضح طور پر سمجھنے کی ضرورت ہے۔ ہم نے اس مقصد کے حصول میں مدد کے لیے اس دستاویز کو شائع کیا ہے۔ اس دستاویز کا اطلاق Sigtuna kommun میونسپلٹی کے اندر تمام اسکولوں پر ہوتا ہے۔ اس میں ہم واضح طور پر بیان کرتے ہیں کہ والدین/سرپرست اور اسکولز ایک دوسرے سے کیا توقع کر سکتے ہیں اور کیا تقاضہ کر سکتے ہیں۔

والدین/سرپرستوں اور اسکولز کے درمیان شراکت داری کے اہداف

• والدین/سرپرستوں اور اسکولوں، دونوں، کو طلباء کو اپنی تعلیم اور ترقی میں بہترین ممکن تعاون فراہم کرنا چاہیے۔

• والدین/سرپرستوں اور اسکولز کی اسکول کے اہداف اور افعال کے متعلق ایک ہی رائے ہونی چاہیے۔

اسکول سے جڑے ہر شخص، بشمول عملے، کو تعلیمی دن کے دوران محفوظ اور پرسکون محسوس کرنا چاہیے۔ اسکول کے عملے کو واضح طور پر بتا کر کہ ہم ان سے کیا توقع رکھ سکتے ہیں، ہم انہیں اپنے کاموں پر توجہ مرکوز کرنے، سیکھنے میں اضافے کو منتظم کرنے اور اس کی منصوبہ بندی کرنے اور آپ کے بچے کے لیے بہترین عمل کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

والدین/سرپرستوں اور اسکولز کے درمیان تعاون

سویڈن کا ایجوکیشن ایکٹ (Skollagen) اور قومی نصاب (تعلیمی منصوبے) واضح طور پر اسکول کی ذمہ داریاں بیان کرتے ہیں۔ پرنسپلز کو کو اسکول میں ہونے والے کام کی نگرانی اور اسے منظم کرنا چاہیے۔ وہ اس حوالے سے فیصلے کرنے کے ذمہ دار بھی ہیں کہ اسکول کی تنظیم کیسے ہوتی ہے، اس کے وسائل کیسے استعمال ہوتے ہیں اور یہ اپنے اہداف کو کیسے حاصل کرے گا۔ اسکول کے اساتذہ طلباء کی تعلیم کے لیے ذمہ دار ہیں۔ اسکول کے اساتذہ اسباق کی منصوبہ بندی کرتے ہیں، بچوں کو تعلیم فراہم کرتے ہیں اور نگرانی کرتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ گریڈز کا تعین کرتے ہیں اور تجزیے دیتے ہیں۔ سویڈن میں تمام طلباء کو لازمی طور پر اسکول کے پہلے دس سال پڑھنا ہو گا۔ مقامی بلدیاتی حکومت، تعلیم کا فراہم کنندہ اور والدین/سرپرست اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہیں کہ بچوں کو یہ لازمی بنیادی تعلیم موصول ہو۔

آپ اپنے بچے کے اسکول اور فرصت کے اوقات کے مراکز سے کیا توقع کر سکتے ہیں

- ہم اسکول سے جڑے ہر شخص کے ساتھ اسکول کے اندر اور باہر اور ساتھ ہی سوشل میڈیا پر احتیاط، رحمدلی اور احترام کے ساتھ سلوک کریں گے۔
- ہم اپنی دی جانے والی تعلیم کی منصوبہ بندی اسکول پالیسی دستاویزات اور اپنے اساتذہ کی سفارشات کی بنیاد پر کریں گے۔
- ہم آپ، اپنے طلباء کے خاندانوں/سرپستوں، کے ساتھ مل کر ان کے بہترین مفاد کو فروغ دینے کے لیے کام کریں گے۔
- ہم اسکول کے گروہ کے اندر کمیونٹی کا ایک احساس اور آپ کے بچے کے لیے ایک محفوظ، زیر تحفظ اور خوشگوار ماحول بنانے لیے کام کریں گے۔ ہم توہین آمیز برتاؤ اور تعصب کو روکنے کی کوشش کریں گے اور کسی بھی ایسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمیشہ اقدام اٹھائیں گے، جس میں توہین آمیز رویے یا تعصب کا شک ہو۔ ہم اپنے طلباء کو تنازعات اور دیگر مسائل سے نمٹنے میں بھی مدد کریں گے۔
- ہم اپنے طلباء کو اپنی پختگی کے درجے کی بنیاد پر اپنی تعلیم کی ذمہ داری لینے اور اس پر اثر انداز ہونے میں مدد دیں گے۔
- ہم اپنے طلباء اور اسکول کی بہتری کے لیے مسلسل بنیادوں پر اپنے اسکول اور تعلیم کا تجزیہ کریں گے اور ان پر کام کریں گے۔
- اگر ہمیں خدشہ ہو کہ آپ کا بچہ اپنے تعلیمی اہداف حاصل نہیں کرے گا، تو ان کے والدین/سرپرست کے طور پر ہم آپ کو اس کے متعلق اور اس مدد کے متعلق آگاہ کریں گے، جو اسکول انہیں فراہم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔
- ہم ہر سال اسکول کے قواعد کی تجدید کریں گے اور طلباء کو یہ قواعد بنانے میں مدد کرنے کا موقع دیں گے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے فعال طور پر کام کریں گے کہ اسکول میں ہر شخص ان قواعد پر عمل کرے۔
- اگر ہمیں شک ہو کہ کسی طالبعلم کو زیادتی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، تو ہمیں لازمی طور پر Sigtuna kommuns socialförvaltning (سگٹونا میونسپلٹی کے سوشل سروسز ڈیپارٹمنٹ) کو اطلاع دینی ہو گی۔
- ہم آپ کو اسکول کے ذرائع ابلاغ کے ذریعے آپ کے بچے کے اسکول میں ہونے والی چیزوں سے آگاہ رکھیں گے۔ اس کے علاوہ، قدرتی طور پر، اگر کوئی ایسی چیز ہوتی ہے، جو آپ کے بچے کو انفرادی طور پر متاثر کرتی ہے، تو ان کے والدین/سرپرست کے طور پر ہم آپ سے رابطہ کریں گے۔
- ہم بات چیت، فورمز اور سالانہ/والدین/سرپرست کے سروے کے ذریعے آپ کے بچے کے اسکول کو چلائے جانے کے طریقے کے متعلق آپ کے خیالات اور جوابی رائے کو سنیں گے ۔

ہم بطور والدین/سرپرست آپ سے کیا توقع کرتے ہیں

- آپ اسکول سے جڑے ہر شخص کے ساتھ اسکول کے اندر اور باہر اور ساتھ ہی سوشل میڈیا پر احتیاط، رحمدلی اور احترام کے ساتھ سلوک کریں گے۔
- آپ اسکول کے مقاصد، قواعد و ضوابط اور اقدار کا احترام اور حمایت کریں گے اور طلباء کے بہترین مفادار کو فروغ دینے کے لیے اسکول کے ساتھ تعاون کریں گے۔
- آپ کے بچے پر اس چیز کا اثر پڑتا ہے کہ آپ ان کے اسکول کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔ اسکول اور عمومی طور پر تعلیم کے حوالے سے ایک مثبت رویے سے آپ انہیں بتائیں گے کہ اسکول اہم ہے۔
- آپ یقینی بنائیں گے کہ آپ ان تعلیمی اہداف، جو آپ کے بچے کو پورے کرنے چاہیں، کے متعلق ہماری جانب سے فراہم کی جانے والی معلومات کو پڑھیں گے اور انہیں اپنے اسکول کے کام میں ذاتی ذمہ داری لینے میں معاونت فراہم کریں گے۔ آپ اپنے بچے کے اسکول اور لیثر ٹائم سنٹر کی جانب سے فراہم کردہ دیگر معلومات کو بھی پڑھیں گے اور والدین-اسکول کی میٹنگز (Föräldramöte) اور اپنے بچے کی بڑھوتری کے حوالے سے پیرنٹ-ٹیچر میٹنگ (Utvecklingssamtal) میں شرکت کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔
- آپ کے بچے کا اسکول اس کے طلباء اور عملے، دونوں کے لیے جائے کار ہے۔ اس وجہ سے، برائے مہربانی عملے کے اوقات کار اور طلباء کے تعلیمی وقت کا احترام کریں۔ اگر آپ اسکول کے اوقات کے دوران اسکول کا دورہ کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو لازم یطور پر والدین کے دوروں کے حوالے سے ہمارے قواعد پر عمل کرنا ہو گا۔
- آپ کو لازمی طور پر اسکول کے قواعد پر عمل کرنا چاہیے اور ساتھ ہی دوسروں کو ان پر عمل کرنے کی ترغیب دینی چاہیے، جیسا کہ طلباء اور اسکول کا عملہ بھی کریں گے۔

- آپ اپنے بچے کے اسکول 1) وقت پر آنے اور تعلیمی دن کے درست آلات ساتھ لے کر آنے، 2) موسم کے لحاظ سے مناسب کپڑے پہن کر آنے اور 3) اچھا آرام حاصل کر کے اور ناشتہ کر کے پڑھنے کے لیے تیار ہو کر آنے کو یقینی بنائیں گے۔
- اگر آپ کا بچہ بیمار ہو، تو آپ کو صبح اسکول کو لازمی طور پر بتانا ہو گا، کہ وہ اس دن گھر پر رہیں گے۔ اپنے بچے کو گھر پر رکھیں، جب تک کہ وہ دوبارہ صحت مند نہ ہو جائیں۔
- آپ کے بچے کا اسکول جانے کا حق اور ذمہ داری، دونوں ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو اسکول کی چھٹیوں کے علاوہ کہیں اور جانے کی ضرورت ہے، تو ان کے جانے سے پہلے آپ کو ایک درخواست فارم بھرنا ہو گا اور اسکول سے منظور کروانا ہو گا۔
- اگر آپ کے پاس اپنے بچے یا اسکول کی سرگرمیوں کے متعلق کوئی سوالات ہیں، تو آپ کو اسکول سے رابطہ کرنا چاہیے۔ جہاں تک ممکن ہو، آپ کو اسکول کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے میں شامل ہونا چاہیے، مثلاً سالانہ سروے کے جواب دے کر۔

والدین-اسکول کا ابلاغ اور تعاون

اسکول کے بچوں کے والدین/سرپرستوں کے ساتھ ہمارے تعاون میں مختلف ذرائع ابلاغ کے ذریعے معلومات فراہم کرنا اور مباحثے منعقد کرنا شامل ہے۔ یہ ذرائع اسکولوں اور والدین/سرپرستوں کو طلباء کے بہترین مفادات کو فروغ دینے میں تعاون کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

پرنسپل کا خبرنامہ
آپ کے اسکول کے پرنسپل والدین/سرپرستوں کو ہر مہینے معلومات بھیجیں گے۔ یہ آپ کو خبروں، اسکول کی تقریبات اور سالانہ شیڈول کے متعلق آگاہ رکھے گا اور آپ کو کسی قسم کی تبدیلیوں کے متعلق معلومات فراہم کرے گا۔

ہفتہ وار معلومات
والدین/سرپرستوں کے طور پر، آپ کے بچے کا اسکول آپ کو ہر ہفتے معلومات بھیجے گا۔ برائے مہربانی اس معلومات کو پڑھنے کے لیے وقت نکالیں۔ یہ آپ کو بتائے گا کہ آپ کا بچہ اس ہفتے اسکول میں کیا کرے گا۔ اس میں، مثلاً، اہم تاریخوں کے متعلق معلومات بھی شامل ہو گی۔

***Skolportalen* (اسکول پورٹل)**
آپ کسی اسکول میں انفرادی طالبعلم کی غیر حاضری، شیڈول اور پیش رفت کے متعلق *Skolportalen* (اسکول پورٹل) سے معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

Tempus
2019 کی خزاں سے، فرصت کے اوقات کے مراکز جانے والے بچوں کے والدین/سرپرست ہماری نئی ایپ، Tempus، میں اپنے بچے کی حاضری کے اوقات درج کر سکیں گے۔ آپ یہ معلومات آن لائین بھی درج کر سکتے ہیں۔ Tempus والدین/سرپرستوں کو اوقات کے متعلق معلومات تک آسان رسائی دیتا ہے، مثلاً ان کے بچے کا لیثر ٹائم سینٹر کب بند ہو گا۔

اسکول فورم
ہر اسکول کا ایک فورم ہونا چاہیے، جس پر عملہ طلباء کے والدین/سرپرستوں سے رجوع کر سکے۔ اس فورم میں والدین/سرپرست، اساتذہ اور اسکول کی انتظامیہ شامل ہونی چاہیے۔ ہر ٹرم میں کم از کم ایک مرتبہ فورم والدین/سرپرستوں کو فعالیاتی اور تنظیمی معاملات، اسکول کے معیار کی یقین دہانی کے باقاعدہ کام اور تعصب اور توہین آمیز سلوک کے خلاف اس کے منصوبے کے بارے میں بات چیت کے لیے میٹنگز کی دعوت دے گا۔ اس فورم کا مقصد اسکول کے عملے کو معاملات پر، مثلاً فیصلے کرنے سے پہلے، والدین/سرپرستوں کی آراء جاننے کا موقع دینا ہے۔ تاہم، یہ فورم خود کوئی فیصلہ نہیں کرتا۔ اس کے علاوہ، اس کا مقصد عملے، کلاسوں یا طلباء کے متعلق مخصوص معاملات پر بحث کرنے کی جگہ کے طور پر نہیں ہے۔ اسکول ان میٹنگز کے لیے ایجنڈے تیار کرنے اور نوٹس لینے کے لیے ذمہ دار ہے۔

والدین-اسکول کی معلوماتی میٹنگز (Föräldramöte)
اسکول سال میں دو مرتبہ والدین/سرپرستوں کو معلوماتی میٹنگز میں آنے کی دعوت دے گا۔ یہ میٹنگز اسکول کی نمائشیوں یا والدین/سرپرستوں کے دیگر کسی اجتماع کے ساتھ یا علیحدہ رکھی جا سکتی ہیں۔

بچے کی بڑھوتری کے حوالے سے والدین اور اساتذہ کی میٹنگز (Utvecklingssamtal)

ان کے والدین/سرپرستوں کے طور پر، آپ کے بچے کا اسکول ہر ٹرم میں کم از کم ایک مرتبہ آپ کو آپ کے بچے کی بڑھوتری کے متعلق ایک پیرنٹ-ٹیچر میٹنگ (Utvecklingssamtal) کی دعوت دے گا۔ اساتذہ آپ کے ساتھ آپ کے بچے کی تعلیم اور ترقی کے حوالے سے بات کریں گے اور یہ کہ وہ کون سے تعلیمی اہداف حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آپ ان مختلف طریقوں کے بارے میں بھی بات چیت کریں گے جب سے والدین/سرپرست اور اسکول طلباء کو ان اہداف کے حصول میں مدد کر سکتے ہیں۔

آپ کے بچے کے متعلق خصوصی میٹنگز

اگر کوئی ایسی چیز ہو جس کے بارے میں آپ یا آپ کے بچے کے اساتذہ مزید گہرائی سے بات کرنا چاہتے ہوں، تو آپ ایک خصوصی میٹنگ کا انتظام کر سکتے ہیں۔ خصوصی میٹنگز اور دیگر اقسام رابطے کو عملے عمومی اوقات کار کے دوران واقع ہونا چاہیے۔

اپنے بچے کے اسکول جانا

والدین/سرپرستوں کی جانب سے اپنے بچے کے اسکول کے دورے عمومًا تمام شامل لوگوں کے لیے مثبت تجربات ہوتے ہیں۔ لہذا، ہم والدین/سرپرستوں کو ہمارے اسکول کے طلباء کی زندگی کے ایک دن کا تجربہ حاصل کرنے کے لیے خوش آمدید کہتے ہیں۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ پیشگی طور پر اپنے بچے کی کلاس کے استاد سے پوچھیں آیا دورہ کرنا ٹھیک رہے گا۔ اس طرح آپ کوئی مناسب دن تلاش کر سکتے ہیں، جب کسی ٹیسٹ یا دیگر کسی جائزے کی منصوبہ بندی نہ ہوئی ہو۔ یہ استاد کو حساس طلباء کو کسی اجنبی شخص کے دورے کے لیے تیار رکنے کا وقت بھی دے گا۔ استاد کو اسکول کے پرنسپل کو پیشگی طور پر آپ کے دورے کے متعلق بتانے کی بھی ضرورت ہے، کیونکہ اسکول کو معلوم ہونا چاہیے کہ عمارت میں کون موجود ہے۔ آپ کے بچے کے اسکول میں کچھ ایسے لوگ ہو سکتے ہیں، جو زیر تحفظ شناختیں رکھتے ہیں۔ ان کی حفاظت کے لیے، اسکول میں جانے والے ایک بالغ شخص کے طور پر، آپ کے لیے اہم ہے کہ آپ ان کی شناختوں کو خفیہ رکھنے کی اسکول کی ذمہ داری کا احترام کریں اور بچوں یا عملے کی ویڈیو یا تصویر نہ بنائیں۔

ٹیلیفون کے ذریعے رابطہ

اگر آپ اسکول کے عملے کے کسی رکن سے بذریعہ فون بات کرنا چاہیں گے، تو برائے مہربانی انہیں اس کے متعلق ایک ای میل بھیج دیں۔ وہ پھر موقع ملنے پر آپ کو کال کریں گے۔ فون کے ذریعے رابطے کو عملے کے اوقات کار کے دوران ہونا چاہیے۔

خدشات اور جوابی رائے

والدین/سرپرست کے طور پر، اگر اسکول میں اپنے بچے کی صورتحال کے متعلق آپ کے کوئی سوالات یا جوابی رائے ہو، جو آپ شریک کرنا چاہیں، تو آپ کو پہلے اپنے بچے کے استاد/معلم سے رابطہ کرنا چاہیے، کیونکہ وہ آپ کے بچے کے بارے میں بہترین علم رکھتے ہیں۔ اگر آپ کے سوالات اسکول کے کسی مخصوص مضمون کے بارے میں ہے، تو آپ اپنے بچے کے اس موضوع کے استاد سے بلاواسطہ رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ عملے سے بات کرنے کے بعد بھی خدشات کے شکار ہوں، تو برائے مہربانی اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔

اگر پرنسپل سے بات کرنے کے بعد بھی آپ کے خدشات موجود ہوں یا اگر آپ اس حوالے سے پراطمینان نہ ہوں کہ جس طرح معاملے سے نمٹا گیا ہے، تو آپ Sigtuna kommun میونسپلٹی کی ویب سائیٹ کے ذریعے اپنے مقامی Barn- och Ungdomsförvaltningen (چائلڈ اینڈ یوتھ سروسز آفس) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ SynpunktSigtuna کے لنک پر جائیں۔

والدین/سرپرست کے طور پر، آپ Sigtuna kommun میونسپلٹی کے Barn- och Elevombudsman (BEO)) (چائلڈ اینڈ سکول سٹوڈنٹ ریپریزینٹیٹو) سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ BEO خصوصی معاونت، توہین آمیز سلوک، اسکولوں کے ایسے ماحول، جہاں طلباء غیرمحفوظ/زدپذیر محسوس کرتے ہیں، اور برابر سلوک کے حوالے سے مسائل کو دیکھتا ہے۔ BEO کا کام ہمیشہ بچوں اور طلباء کے حقوق پر مبنی ہوتا ہے اور ان کے مفاد کے تحفظ پر سختی سے مرکوز ہے۔ والدین/سرپرست کے طور پر اگر آپ اپنے آپ اور اپنے بچے کے اسکول کے درمیان ابلاغ سے مطمئن نہیں ہیں، تو BEO اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کر سکتا ہے کہ ہر کسی کی آواز سنی جائے۔ آپ اسکولز اور اسکولوں میں توہین آمیز سلوک اور تعصب کے حوالے سے سوالات کے متعلق گمنام طریقے سے بھی BEO سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

جوابی رائے اور جواب کے وقت
آپ کسی استاد یا اسکول کے پرنسپل کو بھیجی گئی اپنی کسی بھی ای میل کے تین ایام کار کے اندر جواب کی توقع کر سکتے ہیں، ماسوائے یہ کہ وہ شخص، جس سے آپ نے رابطہ کیا ہو، بیمار ہو یا کام سے غیرحاضر ہو۔ اگر آپ Sigtuna kommun میونسپلٹی کے Barn- och Ungdomsförvaltningen (چائلڈ اینڈ یوتھ سروسز آفس) کے عملے سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں، تو میونسپلٹی کی ویب سائیٹ پر Synpunkt Sigtuna فنکشن استعمال کریں۔ آپ کو پانچ ایام کار کے اندر جواب موصول ہو گا۔

اسکول کے قواعد

طلباء اور اسکول کے عملے کے تمام اراکین کو مل کر کام کا ایک اچھا ماحول بنانے کے لیے کام کرنا چاہیے۔ سویڈن کا ایجوکیشن ایکٹ (Skollagen) کہتا ہے کہ طلباء اور عملے کو لازمی طور پر اس حوالے سے اتفاق کرنا چاہیے کہ ان کے اسکول میں کون سے قواعد کا اطلاق ہوتا ہے۔ ہر شخص کی جانب سے ان قواعد پر عمل کے لیے یہ بات اہم ہے کہ اسکول سے جڑے تمام لوگ، طلباء اور بالغان، دونوں کو ان کے متعلق اور انہیں توڑنے کے نتائج کے بارے میں علم ہو۔

ہر اسکول کے اپنے قواعد ہوتے ہیں۔ اسکول کے طلباء، عملہ اور والدین/سرپرست ان قواعد کی اس وقت تجدید کرتے ہیں، جب ہر سال تعصب اور توہین آمیز سلوک کے خلاف اسکول کے منصوبہ کار کی تجدید ہوتی ہے۔ والدین/سرپرست کے طور پر، آپ سے اسکول کی ہر ٹرم کے آغاز پر اپنے بچے کے ساتھ مل کر اسکول کے قواعد کو پورا پڑھنے اور ان پر عمل کرنے پر اتفاق کرنے کا کہا جائے گا۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اس سے آپ کو اپنے بچے کے ساتھ اسکول کے قواعد پر بات چیت کا موقع ملے گا۔ آپ کا دستخط بتاتا ہے کہ آپ ان قواعد پر عمل کرنے پر اتفاق کرتے ہیں۔

اسکولوں میں نظم و ضبط
ایک اسکول کے پرنسپل اور عملے کو اسکول میں ایک محفوظ ماحول کو فروغ دینا چاہیے، جو طلباء کو سیکھنے میں مدد دے۔ وہ کسی بھی ایسے طالبعلم کے خلاف اقدام اٹھا سکتے ہیں، جو دوسروں کے لیے خلل پیدا کرے۔ پرنسپل یا اساتذہ اسکول کے ماحول کو محفوظ اور پرسکون رکھنے یا کسی طالبعلم کے برے رویے سے نمٹنے کے لیے فوری، عارضی اقدامات اٹھا سکتے ہیں۔ سویڈن کے ایجوکیشن ایکٹ (Skollagen) میں بیان کردہ تادیبی اقدامات درج ذیل ہیں:
چیزیں ضبط کرنا، طالبعلم کو تعلیمی ماحول سے نکال دینا، ڈیٹینشن، طالبعلم کو کسی دوسرے گروہ یا اسکول کے اندر جگہ پر منتقل کر دینا اور قلیل مدتی معطلی۔

ہر اسکول کے پاس ایک دستاویز موجود ہے، جو وضاحت کرتی ہے کہ یہ کیسے اسکول کے قواعد توڑنے والوں سے نمٹتا ہے۔

طلباء کو سیکھنے میں مدد کرنے والا محفوظ ماحول قائم کرنے کے لیے رہنما ہدایات

Sigtuna kommun میونسپلٹی کی رہنما ہدایات کا تمام مقامی اسکولوں پر اطلاق ہوتا ہے اور اسکول کے کسی بھی قاعدے سے زیادہ اہم ہیں۔ عام سویڈش قوانین کا بھی اسکولز پر اطلاق ہوتا ہے۔ اگر اسکولز سے منسلک کوئی شخص قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے، تو اسکولز کو پولیس رپورٹ درج کروانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

تعصب اور توہین آمیز سلوک
اسکول کا عملہ اسکولوں میں کسی قسم کے تعصب یا توہین آمیز رویے سے نمٹنے کے لیے اقدامات کرے گا۔ ہر کیس کی نگرانی کی جائے گی اور نمٹا جائے گا۔

کمپیوٹرز/ٹیبلِٹس
ہمارے پاس کمپیوٹر کے کچھ معیاری قوارد ہیں، جن پر ہمارے طلباء اپنے اسکول سے کوئی کمپیوٹر/آئی پیڈ موصول کرتے ہوئے عمل کرنے پر اتفاق کرتے ہیں۔

اجازت کے بغیر اسکول سے غیر حاضری
اگر آپ کا بچہ اجازت کے بغیر اسکول میں نہ ہو، تو ان کے والدین/سرپرست کے طور پر، ہم آپ کو اسی دن ایک ٹیکسٹ میسج کے ذریعے اس کے متعلق اطلاع دیں گے۔

منشیات پر پابندی
ہمارے اسکولوں میں منشیات پر پابندی ہے۔ اس میں تمام اقسام کے تمباکو، الکحل اور منشیات اور ساتھ ہی ساتھ کسی ڈاکٹر کی جانب سے تجویز نہ کی گئیں ادویات شامل ہیں۔ اگر اس کا خدشہ یا تصدیق ہو، کہ آپ کا بچہ کسی قسم کی منشیات سے رابطے میں رہا ہے، تو ان کے والدین/سرپرست کے طور پر، اسکول آپ سے رابطہ کرے گا۔ ہر کیس کی نگرانی کی جائے گی اور نمٹا جائے گا۔

اشیاء تقسیم کرنا
قانون کے مطابق، اسکول کے عملے کے پاس طلباء سے کوئی بھی ایسی چیزیں لینے کا حق موجود ہے،جن سے تعلیم میں خلل پڑے یا خطرناک ہوں۔ خطرناک چیزیں پولیس کے حوالے کر دی جائیں گی۔ ایسی چیزیں جو خطرناک نہ ہوں، تعلیمی دن کے اختتام پر طالبعلم کو واپس کر دی جائیں گی۔

اسکول کی املاک کو نقصان
اسکول کی املاک کو نقصان کے بارے میں پولیس کو اطلاع دی جا سکتی ہے۔ والدین/سرپرست کے طور پر آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ اسکول کسی طالبعلم سے کسی بھی ایسی املاک کی ادائیگی کا کہہ سکتا ہے، جسے انہوں نے نقصان پہنچایا ہو۔ اگر کوئی طالبعلم کسی چیز کو توڑے یا کسی دوسرے طالبعلم سے کوئی چیز لے، تو نقصان کرنے والے طالبعلم کو نقصان کا ازالہ کرنے کے لیے ادائیگی کرنی ہو گی۔

اجازت کے بغیر کوئی دورے نہیں
کوئی بھی شخص اجازت کے بغیر اسکول کے اوقات کے دوران یا فرصت کے اوقات کےمراکز کھلے ہونے کے دوران اسکول میں داخل نہیں ہو سکتا۔ اگر ہم کسی بھی ایسے شخص کو اسکول کی املاک پر دیکھیں، جس کے پاس وہاں موجود ہونے کی کوئی درست وجہ نہ ہو، تو ہم انہیں وہاں سے چلے جانے کا کہیں گے۔

معیار کی نظرثانیاں

Sigtuna kommun میونسپلٹی کے تمام اسکول معیار کی یقین دہانی کے ایک ہی باقاعدہ عمل درآمد پر چلتے ہیں۔ ہمارے تمام اسکول مسلسل ایک ہی عمل درآمد کے مطابق اپنے کام کا تجزیہ کرتے ہیں اور بہتری لاتے ہیں۔ ہم چیک کرتے ہیں کہ ہمارے اسکولز ایک محفوظ ماحول ہوں، جو طلباء کو سیکھنے میں مدد دے سکیں اور یہ کہ طلباء وہاں درج ذیل طریقوں سے اچھا محسوس کریں:

سرویز
ہر تعلیمی سال: میں، ہم اس بات کا جائزہ لینے کے لیے دو سروے استعمال کرتے ہیں کہ ہمارے اسکول کے ماحول کتنے محفوظ ہیں اور وہ ہمارے طلباء کی تعلیم میں کتنی معاونت کرتے ہیں۔ یہ ہیں:

- **ایک محفوظ ماحول، جو اسکولوں میں تعلیم اور بہبود کو فروغ دیتا ہے**
  ہم خزاں کے آخر میں ایک سروے کے ذریعے طلباء سے پوچھتے ہیں کہ وہ اپنے اسکول کے ماحول کو کتنا محفوظ سمجھتے ہیں، یہ سیکھنے میں ان کی کتنی اچھی مدد کرتا ہے اور وہ عمومی طور پر اسکول میں کیسا محسوس کرتے ہیں۔ لازمی اسکول کے تمام طلباء اس سروے میں شرکت کرتے ہیں۔ یہ سروے بہتری کے شعبے اور، مثال کے طور پر، ایسی جگہیں بتاتا ہے جہاں طلباء غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں۔

- **طالبعلم اور والدین کا سروے**
  ہر بہار میں، ہم مخصوص گریڈز میں پڑھنے والے طلباء اور ان کے والدین/سرپرست کو اپنے اسکول کے معیار کے علیحدہ جائزے لینے کا کہتے ہیں۔ اس سروے میں شرکت، ابلاغ اور تعاون کے حوالے سے سوالات شامل ہوتے ہیں۔ نتائج کا ہر اسکول کی جانب سے انفرادی طور پر اور ساتھ ہی Sigtuna kommun میونسپلٹی کی جانب سے تجزیہ کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد اسکول سروے کے جوابات کی بنیاد پر اپنے کام کو بہتر کرنے میں مدد دینے کے لیے اقدامات اور سرگرمیاں تیار کرتے ہیں۔ اس وجہ سے، یہ بات اہم ہے جتنے ممکن ہو سکے زیادہ والدین/سرپرست سروے میں حصہ لیں۔

تعصب اور توہین آمیز سلوک کے خلاف منصوبہ
Sigtuna kommun کے اسکول تعصب اور توہین آمیز رویے کے خلاف اپنے منصوبوں کی ہر سال تجدید کرتے ہیں۔ اس شعبے میں ہمارے اسکولوں کی کوششیں اسکولوں کے اندر توہین آمیز سلوک، تعصب اور حراسگی کو روکتی ہیں۔ ہر اسکول کے پلان میں صورتحال کا ایک تجزیہ شامل ہوتا ہے، جو سیکھنے کے محفوظ ماحول کو فروغ دینے کے لیے اسکول کے کام سے متعلقہ تمام ڈیٹا پر نظرثانی کرتا ہے۔ تعصب اور توہین آمیز سلوک کے خلاف منصوبے میں ایسی سرگرمیاں اور اقدامات بھی شامل ہوتے ہیں، جو اسکول کے منصوبہ ہائے کار اور Sigtuna kommun میونسپلٹی کے افعالی منصوبہ جات کا حصہ ہیں۔ اسکول کا عملہ ان منصوبوں کو بنانے کے لیے اپنے طلباء کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے۔

والدین/سرپرستوں کو جوابی رائے فراہم کرنا
ہر سال خزاں میں منعقد کی جانے والی والدین-اسکول کی معلوماتی میٹنگ (Föräldramöte) پر والدین/سرپرستوں کو 1) محفوظ تعلیمی ماحول کو فروغ دینے کے لیے ان کے اسکول کی کوششوں اور 2) ان کے اسکول سرویز کے نتائج کے حوالے سے معلومات موصول ہوں گی۔ آپ کے اسکول کے ہر سال نتائج خزاں کی ٹرم کے اختتام پر اس کی ویب سائیٹ پر شائع کر دیے جائیں گے۔ Sigtuna kommun میونسپلٹی ایک سالانہ رپورٹ میں میونسپلٹی کی ویب سائیٹ پر پوری میونسپلٹی کے لیے معیار کی یقین دہانی کے نتائج بھی شائع کرے گی۔

آپ کے تعاون کا شکریہ
Sigtuna kommun میونسپلٹی آپ کے بچے کو ایسے پری اسکولز اور اسکولز پیش کرنا چاہتی ہے، جن میں وہ جانے سے حقیقی معنوں میں لطف اندوز ہوں اور جہاں عملہ اپنی قدر محسوس کرے اور اپنے کام سے لطف اندوز ہو۔ ہم آپس میں رابطہ اور تعاون کر کے اسے حقیقت بنا سکتے ہیں۔ ایک ساتھ مل کر ہم Sigtuna kommun میونسپلٹی کے بچوں، طلباء اور عملے کے بہترین ممکن تعلیمی ماحول بنا سکتے ہیں۔